**21/02/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ عابدہ اختر سے خبریں سُنئے**

**وزیراعلیٰ**

**وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے ڈوڈہ اور کشتواڑ اضلاع کے عوامی نمائندوں کے ساتھ پری بجٹ مشارت کا سلسلہ مکمل کیا ہے ۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ عوامی نمائندوں کی طرف سے پیش کی گئی تجاویز کو بجٹ کی تشکیل کے دوران ملحوظ نظر رکھا جائے گا ۔اس سے قبل وزیراعلیٰ نے کشمیر صوبے کے سبھی اضلاع کے عوامی نمائندوں کے ساتھ بھی بجٹ مشاورت کی تھی۔**

**سکینہ ایتو**

**محکمہ تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے پلوامہ اور اننت ناگ اضلاع میں بارہویں جماعت کے کئی امتحانی مراکز کا ہنگامی دورہ کیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے طلباءکو فراہم کی جا رہی سہولیات کا جائزہ لیا ۔**

**وزیر موصوفہ نے کہا کہ یوٹی کی موجودہ سرکار طلباءکی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے ۔**

**جاوید احمد ڈار**

**محکمہ زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے محکمہ کے کام کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ انہوں نے ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت جاری زرعی سرگرمیوں نیز کسانوں کی معاشی ترقی کے لئے مخصوص سکیموں کی عمل آوری کو یقینی بنانے کی ہدایت دی ۔**

**ستیش شرما**

محکمہ خوراک کے وزیر ستیش شرما نے ادھمپور کا دورہ کر کے ضلع کے ترقیاتی منظر نامے کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر وزیر کو ضلع میں کئی ترقیاتی منصوبوں نیز سکیموں کی تکمیل اور عمل آوری کے حوالے سے جانکاری فراہم کی گئی ۔

وزیر موصوف نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ لوگوں کو ہر سہولت بہم رکھنے کے ٹھوس اقدامات کریں ۔

SKIMS

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز میڈیکل کالج بمنہ میں شعبہ امراض چشم کو THOTA یعنی The Human Organ - ٹرانسپلانٹ ایکٹ لائسنزملی ہے

اس ضمن میں سکمز صورہ کے ڈائریکٹر پروفیسرمحمد اشرف گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

مادری زبان

آج مادری زبان کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد مختلف طبقوں ، علاقوں اور سماجوں میں مادری زبان کی اہمیت کو اجا گر کرنا ہے ۔

آج کے دن کے سلسلے میں ملک بھر میں تقریبات منعقد کی جا رہی ہیں جس دوران ماہرین مادری زبان کی ترقی اور ترویج کے موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کریں گے ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے محکمہ ماحولیات پر زور دیا کہ وہ آبی پناہ گاہوں اور جھیلوں کے تحفظ کے لئے ٹھوس اقدامات کریں ۔ محکمہ کے کام کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے افسران سے کہا کہ وہ جنگلاتی اراضی پر سائنسی طریقے سے شجر کاری کرنے کا ایک مربوط لائحہ عمل تیار کریں ۔

انہوننے رواں سال کے شجر کاری موسم میں ایک کروڑ 50 لاکھ پودے لگانے کا ہدف پورا کرنے کی بھی افسران کو ہدایت دی ۔

هیلپ لائن

نام کی Elderline محکمہ سماجی بہبود جموں کشمیر نے یو ٹی بھر میں بزرگ شہریوں کیلئے ہیلپ لائن دوبارہ سے شروع کی ہے ۔ ہیلپ لائن نمبر ہے 14567 ۔

اس ضمن میں ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ جموں روپیش کمار نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے مہا شو راتری تہوار کے حوالے سے ضلع میں کئے جا رہے اقدامات کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ پنڈت کالونیز میں بنیادی سہولیات بہم رکھنے کے لئے ہر ممکن اقدام کریں ۔

بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے ڈسٹرکٹ لیول رِوِو کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے ضلع میں سرکاری معاونت والی سکیموں کی عمل آوری نیز ضلع میں مالی اداروں کی کار کردگی کا جائزہ لیا ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے بحال کی گئی ہے۔ تاہم مال بردار گاڑیوں کو موسم میں بہتری آنے کے بعد ہی چلنے کی اجازت دی جائے گی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1اعشاریہ6 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ